[AS INTRODUCED BY THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

BILL

*further to amend the Pakistan Environmental Protection Act, 1997*

WHEREAS it is expedient to amend the Pakistan Environmental protection Act, 1997, to strengthen the framework for environmental protection, ensure effective enforcement, foster greater public involvement, protect whistleblowers, and address contemporary environmental issues such as climate change, biodiversity loss, and glacier protection;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.-**(1) This Act may be called as the Pakistan Environmental Protection (Amendment) Bill, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, XXXIV of 1997.-** In the Pakistan Environmental Protection Act, 1997 (XXXIV of 1997), hereinafter referred to as the said Act, in section 2,-

(a) after paragraph (iv), following new paragraph (iv-a), shall be inserted, namely:-

"(iv-a) "Climate change Adaption" means measures and strategies aimed at adjusting to impacts of climate change to reduce vulnerability and enhance resilience;";

(b) after paragraph (xvi), following new paragraph (xvi -a), shall be inserted, namely:-

"(xvi -a) "Glacier protection Area" mean any area designed by the Government in collaboration with the Provincial Government or any other entity of the State for the conservation and protection of glaciers;"; and

(c) after paragraph (xlv), following new paragraph (xlv-a), shall be inserted, namely:-

"(xlv-a) "Whistleblower" means any individual who reports, discloses, or provides evidence of illegal or unethical practices or violations related to environmental protection under this Act;".

3. **Amendment of section 12, XXXIV of 1997.-** In the said Act, after section 12, in sub-section (2), after paragraph (b), the following new paragraph shall be added, namely:-

"(c) The Environmental Impact Assessment (EIA) process shall include an evaluation of potential impacts on climate change, biodiversity, and glaciers. The EIA shall propose measures to mitigate any adverse effects on these critical resources.".

4. **Amendment of section 17, XXXIV of 1997.-** In the said Act, in section 17, after sub-section (2), the following new sub-section (2A),shall be added, namely:-

"(2A) In addition to fines, violators shall be responsible for all expenditures related to the rectification of environmental damage caused by their actions. These expenditures may include, but are not limited to,

(a) costs of restoring affected ecosystems and habitats;
(b) expenses for cleanup and removal of pollutants or waste;
(c) costs associated with monitoring corrective measures; and
(d) compensation for affected communities and individuals impacted by the environmental violation.

5. **Insertion of new sections, XXXIV of 1997.-** In the said Act, after section 27, the following new sections shall be inserted, namely:-

"**27-A.- Climate change and Biodiversity.-** (1) The Federal Government shall develop and implement a National Climate Change Adaption plan to a address the impacts of climate change integrate adaption strategies into national policies.

(2) The Pakistan Environmental Protection Agency (Pak-EPA) shall incorporate biodiversity conversation measures into environmental management practices, including the protection of endangered species and critical habitats.

(3) All relevant Environmental Impact Assessments (EIAs) shall include an assessment of potential impacts on climate change and biodiversity, and propose mitigation measures to address these impacts.

**27-B.- Glacier Protection.-** (1) The Federal Government, in collaboration with Provincial Governments and other State entities, shall designate specific areas as "Glacier Protection Areas" to ensure the conservation and protection of glaciers in Pakistan.

(2) The Pakistan Environmental Protection Agency (Pak-EPA) shall develop and implement a Glacier Protection Plan that includes;

(a) monitoring and assessing glacier health and changes over time;
(b) regulating activities that could lead to glacier degradation, including tourism, mining, and construction;
(c) promoting research on glacier dynamics and the effects of climate change on glaciers; and
(d) implementing restoration efforts for glaciers impacted by environmental degradation.

(3) glacier protection measures shall be included in all relevant Environmental Impact Assessments (EIAs) for projects in or near Glacier Protection Areas.

**27-C.- Public Participation and Education.-** (1) The Pakistan Environmental Protection Agency(Pak-EPA) shall establish formal channels for public input and feedback on environmental decisions and projects.

(2) The Federal Environmental Protection Agency shall conduct public awareness campaigns and educational programs on environmental protection, including the significance of glaciers, climate change, and biodiversity.

(3) Schools and universities shall incorporate environmental education into their curricula to foster environmental stewardship among students.

**27-D.- Whistle blower Protection.** - (1) Whistle blowers who report violations or illegal activities related to environmental protection under this Act shall be protected from retaliation, including dismissal, harassment. or any adverse action related to their employment.

(2) The Federal and Provincial Environmental Protection Agencies shall establish a secure and confidential mechanism for whistleblowers to report violations and provide evidence.".

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The Bill to modernize and strengthen Pakistan's environmental protection framework is introduced with the aim of aligning national policies with international standards and to global addressing emerging environmental challenges. Pakistan's commitment environmental agreement is central to this legislative effort. Âs a signatory to the Paris Agreement, Pakistan has pledged to combat climate change by limiting global warming and enhancing resilience. The Bill incorporates provisions for Climate Change Adaptation to align with these global goals, ensuring that national policies support international climate action commitments

Furthermore, the Bill supports Pakistan's obligations under the Convention on Biological Diversity (CBD), which aims to conserve biological diversity, promote sustainable use of its components, and ensure equitable sharing of benefits arising from genetic resources. By integrating measures for biodiversity conservation, the Bill reinforces these objectives and supports the broader goals of the CBD. Additionally, the Bill aligns with the United Nations Framework Convention on Climate Change (UNFCCC), emphasizing the need for international cooperation to address climate change impacts and enhance national adaptive capacity. The Kyoto Protocol's focus on reducing greenhouse gas emissions further underscores the need for robust climate adaptation strategies, which are reflected in the Bill's provisions.

The Montreal Protocol, which aims to protect the ozone layer, provides a foundational principle for environmental protection that the Bill extends to glacier conservation. By including specific provisions for Glacier Protection Areas, the Bill acknowledges the importance of preserving these vital environmental resources in the context of international agreements.

In addressing emerging environmental challenges, the Bill introduces definitions and legal frameworks for Climate Change Adaption and Glaciers Protection Areas. These updates are designed to effectively manage issues such as climate change, biodiversity loss, and glaciers degradation. To enhance enforcement, the Bill proposes stricter penalties for environmental violations and mandates financial responsibility for damage rectification.

These measures are intended to promote compliance, accountability, and adequate funding for environmental remediation.

Public participation and education are also emphasized in the Bill. By establishing formal channels for public feedback and integrating environmental education into school curricula, the Bill aims to foster a culture of stewardship and active engagement in environmental protection. Additionally, the Bill includes provisions to safeguard whistleblowers by protecting them from retaliation and providing secure reporting mechanisms. This encourages the reporting of violations and unethical practices, contributing to greater transparency and accountability.

Finally, the Bill requires comprehensive Environmental Impact Assessments (EIAs) for major projects to evaluate their potential impacts on climate change, biodiversity, and glaciers. This ensures that development projects consider and mitigate adverse environmental effects, supporting a sustainable approach to resource management.

Overall, this Bill seeks to strengthen Pakistan's environmental protection framework by incorporating international commitments, addressing contemporary challenges, and promoting a resilient and sustainable management approach for the nation's natural resources.

**Sd/-**
**NUZHAT SADIQ**
Member, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ ماحولیاتی تحفظ کے لیے دستور العمل کو تقویت دینے، موثر نفاذ یقینی بنانے، عوام کی شمولیت بڑھانے، مخبروں کی حفاظت، اور موسمیاتی تبدیلی، حیاتیاتی تنوع کے ضیاع، اور گلیشیئروں کے تحفظ جیسے دور حاضر کے ماحولیاتی مسائل پر توجہ مرکوز کرنے کے لیے پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں مزید ترمیم کی جائے؛

یہ قانون بذریعہ ہذا وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان و آغاز نفاذ:** (۱) ایکٹ ہذا پاکستان ماحولیاتی تحفظ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۳۴ بابت ۱۹۹۷ء، دفعہ ۲ کی ترمیم:** پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایکٹ، ۱۹۹۷ء (نمبر ۳۴ بابت ۱۹۹۷ء) میں، جس کا بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا جائے گا، دفعہ ۲ میں، :۔

(الف) پیرا (iv) کے بعد، حسب ذیل نئے پیرا (iv-الف) شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(iv-الف) "موسمیاتی تبدیلی سے موافقت" سے مراد وہ تدابیر اور لائحہ عمل ہے جن کا مقصد زد پذیری کم کرنے اور خطرات سے نبرد آزما ہونے کے لیے موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے ہم آہنگی حاصل کی جائے؛"؛

(ب) پیرا (xvi) کے بعد، حسب ذیل نیا پیرا (xvi-الف) شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(xvi-الف) "گلیشیئر تحفظ علاقہ" سے مراد صوبائی حکومت یا ریاست کوئی دیگر وجود کی مشاورت سے حکومت کی جانب سے گلیشیئر کے بچاؤ اور تحفظ کے لیے مختص کیا گیا علاقہ ہے؛ اور

(ج) پیرا (xlv) سے قبل، حسب ذیل نیا پیرا (xlv-الف) شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(xlv-الف) "خبر رساں" سے مراد کوئی شخص ہے جو ایکٹ ہذا کے تحت ماحولیاتی تحفظ سے متعلق خلاف ورزی یا غیر قانونی یا غیر اخلاقی کارروائیوں کے بارے میں رپورٹس، اطلاع یا ثبوت فراہم کرے۔"

۳۔ **ایکٹ نمبر ۳۴ بابت ۱۹۹۷ء، دفعہ ۱۲ کی ترمیم:** ایکٹ ہذا میں، دفعہ ۱۲ کے بعد، ذیلی دفعہ (۲) میں، پیرا (ب) کے بعد، حسب ذیل نیا پیرا شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(ج) ماحولیاتی اثرات کی تشخیص (ای آئی اے) کے عمل میں موسمیاتی تبدیلی، حیاتیاتی تنوع اور گلیشیئر پر ممکنہ اثرات کی تشخیص کرنا شامل ہے۔ ای آئی اے ان اہم ترین وسائل پر کسی منفی اثرات کو کم کرنے کے لیے اقدامات تجویز کرے گا۔"۔

۴۔ **ایکٹ نمبر ۳۴ بابت ۱۹۹۷ء، دفعہ ۱۷ کی ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۷ میں، ذیلی دفعہ (۲) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ (۲/الف) کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۲/الف) جرمانہ کے علاوہ، خلاف ورزی کرنے والے اپنے اعمال سے ہونے والے ماحولیاتی نقصان کی اصلاح سے متعلق تمام اخراجات کے ذمہ دار ہوں گے۔ان اخراجات میں حسب ذیل شامل ہیں، مگر یہ ان تک محدود نہیں ہیں،

(الف) متاثرہ ماحولیاتی نظام اور رہائش گاہوں کی بحالی کی لاگت؛

(ب) آلودگی یا فضلہ کی صفائی یا اس کو ہٹانے کے اخراجات؛

(ج) اصلاحی اقدامات کی نگرانی سے متعلق اخراجات؛اور

(د) متاثرہ کمیونٹیز اور ماحولیاتی خلاف ورزیوں سے متاثر ہونے والے افراد کے لئے معاوضہ۔

۵۔ **ایکٹ نمبر ۳۴ بابت ۱۹۹۷ء، نئی دفعات کا شامل کرنا:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۷ کے بعد، حسب ذیل نئی دفعہ کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"**۲۷۔الف۔ موسمیاتی تبدیلی اور حیاتیاتی تنوع:** وفاقی حکومت موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لئے ایک قومی موسمیاتی تبدیلی کے موافقت کا منصوبہ تیار کرے گی اور اس پر عملدرآمد کرے گی۔

(۲) پاکستان ادارہ برائے تحفظ ماحولیات (پاک-ای پی اے) معدوم ہونے والے جانداروں کی اقسام اور ان کے اہم مسکن سمیت حیاتیاتی تنوع کے تبدیلی کے اقدامات کو ماحولیاتی انتظام کے طریق ہائے کار کے ساتھ منطبق بنائے گا۔

(۳) تمام متعلقہ ماحولیاتی اثراتی جائزوں (ای آئی اے ز) میں موسمیاتی تبدیلی اور حیاتیاتی تنوع پر ممکنہ اثرات کا جائزہ اور ان اثرات سے نمٹنے کے تخفیفی اقدامات کی تجویز شامل ہو گی۔

**۲۷۔ب۔ گلیشیئر کا تحفظ:** (۱) وفاقی حکومت، صوبائی حکومتوں اور دیگر ریاستی اداروں کی معاونت سے خصوصی علاقوں کو "گلیشیئر محافظت علاقہ جات" کے طور پر نامزد کرے گی تاکہ پاکستان میں گلیشیئر کے بچاؤ اور تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

(۲) پاکستان ادارہ برائے تحفظ ماحولیات (پاک-ای پی اے) گلیشیئر کے تحفظ کا منصوبہ تیار کرے گا اور اس پر عملدرآمد کرے گا، جس میں حسب ذیل شامل ہیں:۔

(الف) گلیشیئر کی حالت اور وقت کے ساتھ تبدیلیوں کی نگرانی اور جائزہ؛

(ب) سیاحت، کان کنی اور تعمیر سمیت گلیشیئر ز کے انحطاط کا باعث بننے والی سرگرمیوں کا انضباط؛

(ج) گلیشیئر کی حرکیات اور گلیشیئر ز پر موسمیاتی تبدیلی کے اثرات پر تحقیق کو فروغ دینا؛اور

(د) ماحولیاتی انحطاط کی وجہ سے متاثر ہونے والے گلیشیئر ز کے لئے بحالی کی کوششوں پر عملدرآمد کرنا۔

(۳) گلیشیئر تحفظ کے علاقہ جات ان کے نزدیک منصوبوں کے لئے گلیشیئر کے تحفظ کے اقدامات کو تمام متعلقہ ماحولیاتی اثرات کے جائزے (ای آئی اے) میں شامل کیا جائے گا۔

۷۲-ج۔ **عوامی شرکت اور تعلیم:** (۱) پاکستان ادارہ تحفظ ماحولیات (پاک-ای پی اے) ماحولیاتی فیصلوں اور منصوبوں پر عوامی مداخل اور آراء کے لئے رسمی چینلز قائم کرے گا۔

(۲) وفاقی ادارہ تحفظ ماحولیات گلیشیئر کی اہمیت، موسمیاتی تبدیلی اور حیاتیاتی تنوع سمیت ماحولیاتی تحفظ کی بابت عوامی آگاہی کی مہمات اور تعلیمی پروگراموں کا انعقاد کرے گا۔

(۳) طالبعلموں میں ماحولیاتی ذمہ داری کو فروغ دینے کے لئے اسکول اور یونیورسٹیاں اپنے نصاب تعلیم میں ماحولیاتی تعلیم شامل کریں گی۔

۷۲-د۔ **مخبر کی حفاظت:** (۱) ایکٹ ہذا کے تحت ماحولیاتی تحفظ سے متعلقہ خلاف ورزیوں یا غیر قانونی سرگرمیوں کے بارے میں رپورٹ کرنے والے مخبروں کو برطرفی، ہراساں کرنے، یا ان کی ملازمت سے متعلقہ کسی بھی منفی کارروائی سمیت انتقام سے تحفظ فراہم کیا جائے گا۔

(۲) وفاقی اور صوبائی ادارہ ہائے تحفظ ماحولیات خلاف ورزیاں رپورٹ کرنے اور شہادت فراہم کرنے کی بابت مخبروں کے لئے محفوظ اور رازداری نظام وضع کریں گے۔

## بیان اغراض ووجوہ

اس بل کا مقصد پاکستان کے ماحولیاتی تحفظ کے دستور العمل کو جدید بنانا، اسے استحکام دینا، قومی پالیسیوں کو بین الاقوامی معیارات کے مطابق بنانا اور عالمی افق پر ابھرتے ہوئے ماحولیاتی چیلنجوں سے نبرد آزما ہونا ہے۔ ماحول کو بہتر بنانے کے لیے پاکستان کا عزم قانون سازی کی اس کاوش کا مرکزی نقطہ ہے۔ پیرس معاہدے کے فریق کے طور پر پاکستان نے عالمی حدت محدود کرنے اور مشکلات سے نبرد آزما ہونے کی صلاحیت میں اضافہ کرکے موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو زائل کرنے کا عہد کیا ہے۔ قومی پالیسیوں کی موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے عزم سے مطابقت یقینی بناتے ہوئے یہ بل موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے موافقت پیدا کرنے اور ان عالمی مقاصد کو پورا کرنے کی صراحت کرتا ہے۔

مزید یہ کہ یہ بل میثاق برائے حیاتیاتی نوع (سی بی ڈی) کے تحت پاکستان کی ذمہ داریوں کی حمایت کرتا ہے۔ اس میثاق کا مقصد حیاتیاتی تنوع کا تحفظ، اس کے اجزاء کے دیرپا استعمال کا فروغ، اور جینیاتی وسائل سے حاصل ہونے والے فوائد کی مساوی حصہ داری یقینی بنانا ہے۔ حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کے لیے اقدامات کو یکجا کرکے یہ بل ان مقاصد کو تقویت دیتا ہے اور سی بی ڈی کے وسیع تر مقاصد کو حاصل کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔ اس کے علاوہ یہ بل اقوام متحدہ کے فریم ورک کنونشن برائے موسمیاتی تبدیلی (یواین ایف سی سی سی) کے مطابق ہے اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات پر توجہ دینے اور قومی موافقت کی استعداد کار بڑھانے کے لیے بین الاقوامی تعاون کی ضرورت پر زور دیتا ہے۔ کیوٹو پروٹوکول گرین ہاؤس گیس کے اخراج میں کمی لانے اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے سے مؤثر موافقت پیدا کرنے کے لائحہ عمل کی ضرورت پر مزید زور دینے پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔

مونٹریال پروٹوکول، جس کا مقصد اوزون کی تہہ کا تحفظ ہے، ماحولیاتی تحفظ کے لیے ایک بنیادی اصول فراہم کرتا ہے، جبکہ یہ بل گلیشیئر کے تحفظ تک وسعت پذیر ہے۔ گلیشیئر پروٹیکشن ایریاز سے متعلق مخصوص دفعات کی شمولیت سے یہ بل بین الاقوامی معاہدوں کے تناظر میں ان اہم ماحولیاتی وسائل کے تحفظ کی اہمیت کو تسلیم کرتا ہے۔

درپیش ماحولیاتی مسائل سے نمٹنے کے لیے یہ بل موسمیاتی تبدیلی سے مطابقت اور گلیشیئر پروٹیکشن ایریاز کی تعریفیں اور قانونی ڈھانچہ متعارف کراتا ہے۔ یہ تجدید موسمیاتی تبدیلی، حیاتیاتی تنوع کے نقصان، اور گلیشیئرز کے انحطاط جیسے مسائل سے مؤثر طور پر نمٹنے کے لیے ڈیزائن کی جاتی ہے۔ نفاذ کے عمل کو بہتر بنانے کے لیے یہ بل ماحول کی خلاف ورزیوں کے لیے سخت سزائیں تجویز کرتا ہے اور نقصان کے ازالے کے لیے مالی ذمہ داری کو لازمی قرار دیتا ہے۔

ان اقدامات کا مقصد تعمیل، جوابدہی، اور ماحول کی بہتری کے لیے مناسب فنڈ کی فراہمی کو فروغ دینا ہے۔

بل میں عوامی شراکت اور تعلیم پر بھی زور دیا گیا ہے۔ عوامی تاثرات کیلئے باضابطہ طریقہ ہائے کار قائم کر کے اور ماحولیاتی تعلیم کو اسکول کے نصاب کیساتھ مربوط کر کے، بل ہذا کا مقصد ماحولیاتی تحفظ کیلئے ذمہ داری اور سرگرم فعالیت کی روایت کو پروان چڑھانا ہے۔ مزید برآں، بل ہذا میں مخبروں کو انتقامی کاروائیوں سے بچانے اور رپورٹنگ کے محفوظ طریق ہائے کار کی فراہمی کی تصریحات شامل ہیں۔ بل ہذا خلاف ورزیوں اور غیر اخلاقی طریق ہائے کار کی بابت رپورٹنگ کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور زیادہ شفافیت اور جواب دہی میں اپنا حصہ ڈالتا ہے۔

آخر میں، بل ہذا بڑے منصوبوں کیلئے جامع ماحولیاتی اثرات کے جائزے (ای آئی اے ز) کا متقاضی ہے تاکہ موسمیاتی تبدیلی، حیاتیاتی تنوع اور گلیشیئرز پر ان کے ممکنہ اثرات کا جائزہ لیا جا سکے۔

مجموعی طور پر بل ہذا کا مقصد بین الاقوامی عہد و پیماں کو شامل کر کے عصری چیلنجوں سے نمٹنے اور ملک کے قدرتی وسائل کیلئے ایک مضبوط اور پائیدار انتظامی حکمت عملی کے ذریعے پاکستان کے ماحولیاتی تحفظ کے نظام کو مستحکم کرنا ہے۔

دستخط/-

نزہت صادق

رکن، قومی اسمبلی